Popular Front of India

G-78,2nd Floor, Shaheen Bagh, Kalindi Kunj, Noida Road, New Delhi- 110025
fb: https://www.facebook.com/PopularFrontofIndiaOfficial/ website: www.popularfrontindia.org
email: popularfrontmail@gmail.com Tel: 011- 29949902

پریس ریلز

۱۶/اگست ۲۰۱۹

نئی دہلی

پہلو خان معاملے میں مجرموں کو بری کیا جانا مجرمانہ نظام انصاف سے عوام کے بھروسے کو ختم کرنے کے مترادف

پاپولر فرنٹ آف انڈیا کے چیئرمین ای ابوبکر نے پہلو خان ہجومی قتل معاملے میں راجستھان کی الور نچلی عدالت کے ذریعہ چھ ملزمین کو بری کئے جانے پر افسردگی کا اظہار کیا ہے۔

اپریل ۲۰۱۷ میں دائیں بازو کے ہندوتوا لوگوں کے ہاتھوں ڈیری کسان پہلو خان کا ہجومی قتل ایک ایسا حادثہ تھا جو دن کے اجالے میں واقع ہوا تھا۔حملہ آوروں نے اس گھناؤنے عمل کی ویڈیو بنا کر اسے سوشل میڈیا پر وائرل کیا،جبکہ پوری دنیا اسے کھلی آنکھوں سے دیکھ رہی تھی۔لیکن انصاف کے منتظر تمام لوگوں کو اس وقت مایوسی کا سامنا کرنا پڑا جب اس قتل میں شامل تمام چھ ملزمین کو راجستھان کی نچلی عدالت نے بری کر دیا۔ایسا لگتا ہے جیسے کہ پولیس اور استغاثہ نے انصاف کے عمل میں کوتاہیاں برت کر ارادتاً طاقتور مجرموں کے بچ نکلنے میں مدد کی ہے۔ریاستی حکومت بھی مطلوبہ احتیاط کے ساتھ اس مقدمے کی پیروی نہ کرنے کے سبب موجب الزام ٹھہرتی ہے،خصوصاً تب جبکہ سپریم کورٹ نے ہندوستان کی دیگر چار ریاستوں کے ساتھ راجستھان اور مرکزی حکومت کو کاروائی کرنے اور ہجومی تشدد کے خلاف نیا قانون بنانے کے لئے نوٹس جاری کیا ہے۔عدالت نے تکنینی وجوہات کی بنا پر مجرموں کو بری کرنے کا فیصلہ سنایا ہے،لیکن اس سے یہ حقیقت بدل نہیں جاتی کہ ایک بے گناہ شخص کو پوری دنیا کی نظروں کے سامنے بے رحمی سے پیٹ پیٹ کر قتل کر دیا گیا اور یہ کہ حملہ آوروں کو حکمراں طبقے کی حمایت حاصل ہے۔عدالت کے پاس انصاف کو یقینی بنانے کے لئے اخلاقی فیصلہ دینے کا اختیار ہے۔عدالت کے مذکورہ فیصلے سے برسر اقتدار لوگوں کو سیاسی فائدہ مل سکتا ہے،لیکن وہ لوگ ملک کے مجرمانہ نظام انصاف کی ساکھ داؤ پر لگا رہے ہیں اور اس نظام سے عوام کے بھروسے کو ختم کر رہے ہیں۔

ای ابوبکر نے پہلو خان معاملے میں انصاف قائم کرنے اور مستقبل میں انصاف کے ساتھ ایسے کھلواڑ سے بچنے کے لئے عدالت عالیہ سے مداخلت کی اپیل کی ہے۔انہوں نے ریاستی حکومت سے بھی مقدمے کی سنجیدگی سے پیروی کرنے اور صحیح معنوں میں انصاف کو یقینی بنانے کی درخواست کی۔

ڈاکٹر محمد شمعون

ڈائرکٹر، رابطہ عامہ

مرکز، پاپولر فرنٹ آف انڈیا

نئی دہلی